فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کی سرگرمیوں کا عکاس جریدہ

وزارت توانائی (پاور ڈویژن)
حکومت پاکستان

FESCO

ایڈیشن: مارچ 2025ء  شمارہ نمبر: 171  جلد نمبر: 13  کل صفحات: 16

# فیسکو نیوز



قارئین کرام کو
رمضان المبارک کی
بابرکت ساعتیں مبارک ہوں



انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

## رمضان المبارک میں صارفین کو ریلیف پہنچانے کیلئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے

فیسکو ریجن میں سحر و افطار اور تراویح کے اوقات میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی جاری ہے

فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع میں صارفین کی شکایات کا فوری ازالہ کیا جا رہا ہے

## فیسکو ہیڈکوارٹرز میں بجلی کی بلاتعطل فراہمی کی مانیٹرنگ کیلئے سپیشل سیل قائم کیا گیا ہے

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو)

# فیسکو نیوز

ایڈیشن: مارچ 2025ء شمارہ نمبر: 171 جلد نمبر: 13 کل صفحات: 16



منتظم اعلیٰ
**انجینئر محمد عامر**
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو



مدیر اعلیٰ
**منور خان**
ڈائریکٹر جنرل ایڈمن فیسکو



مدیر
**محمد سعید رضا**
ڈائریکٹر (پبلک ریلیشنز) فیسکو

## ایڈیٹوریل ٹیم



اویس دانش



محمد شفیق



ایوب احمد

## فوٹوگرافی



محمد وسیم

پبلشر
شعبہ تعلقات عامہ فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کینال روڈ فیصل آباد
Toll Free: 080066554, Help Line: 118, +92419220282, www.fesco.com.pk

## عرض مدیر

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر رمضان المبارک کے ماہ مقدس میں صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے ریجن بھر میں آپریشنل تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ فیسکو ریجن میں ماہ مبارک کے دوران بالخصوص سحر و افطار اور تراویح کے اوقات میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل سپلائی کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع میں ماہ صیام میں بجلی کی بلاتعطل ترسیل کی مانیٹرنگ کیلئے فیسکو ہیڈکوارٹرز میں مرکزی کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے جس کی مانیٹرنگ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر خود کر رہے ہیں۔ جبکہ فیسکو کے چھ آپریشن سرکلز میں لوڈ مینجمنٹ، ایل ٹی / ایچ ٹی بریک ڈاؤن، کسٹمر کمپلینٹ اور دیگر مسائل کے فوری ازالہ کیلئے اعلیٰ سطحی افسران اپنے فرائض سرانجام دیں گے۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے تمام افسران کو ہدایت کی ہے کہ وہ 24/7 اپنے دفاتر میں موجود اور رابطے میں رہیں تاکہ صارفین با آسانی ان سے ملاقات کر سکیں اور ان کے مسائل کا ازالہ ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ رمضان المبارک میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کیلئے تمام تر اقدامات کئے جا رہے ہیں تاکہ صارفین ماہ مقدس میں اپنی عبادات خشوع و خضوع کے ساتھ ادا کر سکیں۔ سستی اور کاہلی برتنے والے اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ مزید براں سب ڈویژنوں کو اضافی ٹرانسفارمر ٹرالیاں اور دیگر سامان مہیا کر دیا گیا ہے جبکہ ریجنل / فیلڈ سٹور سامان کی دستیابی کیلئے چوبیس گھنٹے کھلے رہیں گے تاکہ کسی ہنگامی صورتحال سے فوری نمٹا جا سکے۔ فیسکو ہمیشہ کی طرح اس رمضان المبارک میں بھی صارفین کو کوالٹی سروس کی فراہمی کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑے گا تاکہ شہری علاقوں کے ساتھ ساتھ دور دراز کے دیہاتی علاقوں کے صارفین کو بھی بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے اور وہ اپنی عبادات احسن طریقے سے ادا کر سکیں۔

## اس شمارے میں

05 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کا رمضان المبارک میں صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب
06 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کا آل پاکستان ٹیکسٹائل پروسسنگ ملز ایسوسی ایشن (اپٹما) فیصل آباد ریجن کے دورہ کے موقع پر خطاب
07 فیلڈ میں نصب ٹرانسفارمر، کنڈکٹر اور دیگر میٹریل کی چوری کے واقعات کی روک تھام کیلئے خصوصی مہم کا آغاز
08 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کا ڈپٹی ڈائریکٹر (ایچ آر) فیسکو سلامت علی ساجد کی الوداعی تقریب کے موقع پر خطاب
09 جی ایم آپریشن فیسکو عمر حیات گوندل کا ڈی سی سی میں رمضان المبارک کے حوالے سے قائم خصوصی مانیٹرنگ سیل کا دورہ
10 چیف انجینئر آپریشن فیسکو محمد سعید کا گھنٹہ گھر کے آٹھوں بازاروں میں تاروں کی تبدیلی و مینٹی نینس کے دیگر کاموں کا جائزہ لینے کیلئے دورہ
11 آر ٹی سی میں ای پاک ایکوزیشن اینڈ ڈسپوزل سسٹم کے موضوع پر منعقدہ ٹریننگ کی اختتامی تقریب سے ڈی جی ایچ آر فرخ آفتاب کا خطاب
12 فیسکو اور پی ایف اے کے تعاون سے منعقدہ فوڈ سیفٹی سیمینار سے ڈی جی ایڈمن غلام مجتبیٰ خان، ایس ای ندیم اکبر کاہلوں اور دیگر کا خطاب
13 سپرنٹنڈنگ انجنیئر (جی ایس او) عصمت اللہ کا اعزاز
14 شوکاز نوٹسز برائے کارروائی

# شب قدر کے فضائل

رمضان المبارک میں شب قدر وہ عظیم رات ہے جس کا ذکر خود اللہ رب العزت نے اپنے کلام پاک میں کیا ہے۔ ماہ رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں مستور یہ عظیم رات گناہ گاروں کی مغفرت کی رات ہے مجرموں کی جہنم کی آگ سے آزادی کی رات ہے۔

یہ عبادت، ریاضت، تسبیح وتلاوت، درود شریف کی کثرت، نوافل، صدقات، خیرات، عجز و نیاز مندی، مراقبہ واحتساب عمل کی رات ہے۔ اس رات کو شب قدر اسی لئے کہتے ہیں کہ اللہ تعالی نے اس میں ایک بڑی قدر و منزلت والی کتاب ایک بڑی قدر و منزلت والے رسولؐ پر ایک بڑی قدر و منزلت والی امت کی راہنمائی واصلاح کے لئے نازل فرمائی۔ چونکہ اس شب میں اعمال صالحہ قبول ہوتے ہیں اور بارگاہ رب العزت میں انکی بہت قدر کی جاتی ہے اس لئے اس کو شب قدر کہتے ہیں۔

یوں تو مختلف مقامات پر شب قدر کی فضیلت کے متعلق متعدد ارشادات موجود ہیں لیکن چونکہ اس پر اللہ کریم نے خود سورۃ اتاری ہے اور اس کے سارے فضائل خود رب العزت نے بیان فرما دیئے ہیں تو مناسب یہی معلوم ہوتا ہے کہ سب سے پہلے اس سورۃ کا ذکر ہو جائے جو اس موقع پر نازل ہوئی۔ اس سورۃ مبارکہ میں ارشاد ہوا (ترجمہ) بے شک ہم نے اس قرآن کو شب قدر میں اتارا اور آپ نے کیا جانا کہ شب قدر کیا ہے؟ شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے اور اس رات میں فرشتے (جبریل امین) اپنے پروردگار کے حکم سے امر خیر کیلئے اترتے ہیں یہ رات طلوع فجر ہونے تک سراسر سلامتی ہے (سورۃ قدر)

اس سورۃ مبارکہ سے معلوم ہوا کہ اس کی ایک رات کی عبادت ایک ہزار مہینوں سے بھی بہتر ہے۔ امت محمدیہ پر اللہ کریم کا یہ فضل عظیم ہے کہ اس میں ایک ایسی رات ہے جس میں اگر خشوع وخضوع سے عبادت کی جائے تو اس کا اجر ۸۳ سال ۴ ماہ کی مسلسل اور بے ریا عبادت سے زیادہ ہے۔ اس آیت طیبہ میں عبادت کے اجر کو اس حد تک محدود نہیں کیا بلکہ اس کی حدود کا تعین اپنے پاس رکھتے ہوئے اس سے بھی زیادہ اجر وثواب عطا ہو سکتا ہے۔ اس ضمن میں مختلف مفسرین کی آراء موجود ہیں جن کو پڑھ کر یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ جو شخص جتنا زیادہ خشوع وخضوع سے اللہ کی عبادت کرے گا اس کے اجر میں اتنا اضافہ ہوگا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریمؐ نے ارشاد فرمایا کہ (ترجمہ) لیلۃ القدر جبریل علیہ السلام فرشتوں کے جم غفیر کے ساتھ زمین پر اترتے ہیں اور فرشتوں کا یہ گروہ ہر اس بندے کے لئے دعائے مغفرت اور التجائے رحمت کرتا ہے جو کھڑے ہوتے ہیں یا بیٹھے ہوتے ہیں اور اللہ کے ذکر میں مصروف ہوں ایک اور روایت میں ہے کہ ان لوگوں سے مصافحہ کرتے ہیں جو اللہ کی عبادت میں مصروف عمل ہوتے ہیں۔

بخاری ومسلم کی ہی ایک اور روایت میں ہے کہ سرکار دو عالمؐ نے فرمایا جس شخص نے ایمان کے ساتھ ثواب کی نیت سے شب قدر میں قیام کیا اس کے سابقہ گناہ معاف کر دئے جاتے ہیں۔ اس رات میں اللہ کی رحمت کے دروازے کھلے ہوتے ہیں جو رزق مانگتا ہے اسکو رزق عطا کیا جاتا ہے جو عافیت مانگتا ہے اس کو عافیت عطا کی جاتی ہے اور جو صحت کا سوال کرتا ہے اللہ کی بارگاہ سے اسکو صحت کا تحفہ عطا ہوتا ہے جو خیر و برکت اور بھلائی کی دعا مانگتا ہے اس کو خیر اور بھلائی عطا کی جاتی ہے۔

اگر کوئی بے اولاد اس عظیم رات میں اولاد کیلئے دست سوال دراز کرتا ہے تو اسکو اولاد کی دولت سے مالا مال کیا جاتا ہے۔ یہ وہ معظم رات ہے جو میں اللہ تعالی اپنی شان کے مطابق جلوہ گر ہوتے ہیں اور دوسری طرف فرشتے روئے زمین پر گلی گلی ہر کوچے میں پھیل جاتے ہیں اللہ کی رحمت پکار پکار کر کہہ رہی ہوتی ہے کہ ہے کوئی بخشش طلب کرنے والا کہ اس کو بخش دوں۔ ہے کوئی مغفرت چاہنے والا کہ اس کو معاف کر دوں۔ یہ عمل طلوع فجر تک جاری رہتا ہے اور خوش نصیب اپنی خالی جھولیاں بھر کر لے جاتے ہیں۔

# رمضان المبارک میں صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی کیلئے آپریشنل تیاریاں مکمل کر لی گئیں

## فیسکو ریجن میں سحر وافطار اور تراویح کے اوقات میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل سپلائی کو یقینی بنایا جا رہا ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

### فیسکو کے چھ آپریشن سرکلز میں صارفین کی شکایات کے فوری ازالہ کی مانیٹرنگ کیلئے اعلیٰ سطحی افسران فرائض سرانجام دیں گے

### صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کیلئے تمام تر اقدامات کئے جا رہے ہیں تاکہ وہ اپنی عبادات خشوع وخضوع کے ساتھ ادا کرسکیں

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر رمضان المبارک کے ماہ مقدس میں صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے ریجن بھر میں آپریشنل تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔فیسکو ریجن میں ماہ مبارک کے دوران بالخصوص سحر وافطار اور تراویح کے اوقات میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل سپلائی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع میں بجلی کی بلاتعطل ترسیل کی مانیٹرنگ کیلئے فیسکو ہیڈکوارٹرز میں مرکزی کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے جس کی مانیٹرنگ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر خود کر رہے ہیں۔جبکہ فیسکو کے چھ آپریشن سرکلز میں لوڈ مینجمنٹ، ایل ٹی/ایچ ٹی بریک ڈاؤن، کسٹمر کمپلینٹ اور دیگر مسائل کے فوری ازالہ کیلئے اعلیٰ سطحی افسران کی ڈیوٹیاں لگا دی گئی ہیں جن میں جی ایم (کمرشل اینڈ کسٹمر سروس) مبشر حیات راؤ فرسٹ سرکل، چیف انجینئر (پلاننگ اینڈ ڈیزائن) عامر محبوب الٰہی سیکنڈ سرکل، چیف انجینئر (او اینڈ ایم) ٹی اینڈ جی فیصل رضا مارتھ جھنگ سرکل، چیف انجینئر (ٹیکنیکل



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر رمضان المبارک میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کے حوالے سے اقدامات کیلئے فیسکو ہیڈکوارٹرز میں افسران کے ساتھ میٹنگ کر رہے ہیں

سروسز) شہباز محمود سرگودھا سرکل، چیف انجینئر (کسٹمر سروسز) اصغر حسین قزلباش میانوالی سرکل اور چیف انجینئر (ڈویلپمنٹ) محمد وقاص بیگ ٹوبہ سرکل کی مانیٹرنگ کر رہے ہیں۔چیف انجینئر آپریشن محمد سعید تمام معاملات میں بطور کوآرڈینیٹر جبکہ جنرل منیجر آپریشن عمر حیات گوندل تمام آپریشنل سرگرمیوں اور افسران کی پرفارمنس کی مانیٹرنگ کر رہے ہیں اور چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کو روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ پیش کر رہے ہیں۔اسی طرح آپریشن سرکلز کی ذمہ دار ٹیم میں ایس ای فرسٹ سرکل محمد امیر خان، ایس ای سیکنڈ سرکل سید سلیم شاہ، ایس ای جھنگ سرکل مدثر علی شیخ، ایس ای سرگودھا ابرار احمد خان، ایس ای میانوالی سرکل محمد بلال اقبال اور ایس ای ٹوبہ سرکل مصباح الاسلام شامل ہیں۔چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے تمام افسران کو ہدایت کی ہے کہ وہ 24/7 اپنے دفاتر میں موجود اور رابطے میں رہیں تاکہ صارفین باآسانی ان سے ملاقات کرسکیں اور ان کے مسائل کا ازالہ ہو۔انہوں نے مزید کہا کہ رمضان المبارک میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کیلئے تمام تر اقدامات کئے جا رہے ہیں تاکہ صارفین ماہ مقدس میں اپنی عبادات خشوع وخضوع کے ساتھ ادا کرسکیں۔صارفین اپنی شکایات کا اندراج فیسکو سمارٹ ایپ، ہیلپ لائن نمبر 118، ٹال فری نمبر 0800-66554، ایس ایم ایس سروس 8118 پر بھی کروا سکتے ہیں جس پر فوری ایکشن لیا جائے گا۔مزید براں سب ڈویژنوں کو اضافی ٹرانسفارمر ٹرالیاں اور دیگر سامان مہیا کر دیا گیا ہے جبکہ ریجنل/فیلڈ سٹور سامان کی دستیابی کیلئے چوبیس گھنٹے کھلے رہیں گے تاکہ کسی ہنگامی صورتحال سے فوری نمٹا جا سکے۔

# فیسکو کی اولین ترجیح صنعتی صارفین ہیں

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

**صنعتوں کے لئے زیرو لوڈ مینجمنٹ ہے تاکہ صنعتی ترقی کا پہیہ رواں دواں ہو اور ملک ترقی کرے**

**حکومت کی انتھک کوششوں کی وجہ سے مستقبل قریب میں عوامی کو بجلی بلوں میں ریلیف ملنا شروع ہو جائے گا**

**اپٹما کے بجلی سے متعلقہ شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا رہا ہے تاکہ ٹیکسٹائل پروسسنگ سیکٹر کیلئے مسلسل بجلی کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے**

**فیسکو ملک کی ممتاز ترین کمپنی ہے اور صارفین کو اچھی سروس کی فراہمی اور بہترین ریکوری کی بدولت تمام ڈسکوز میں پہلے نمبر پر ہے**

## چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کا آل پاکستان ٹیکسٹائل پروسسنگ ملز ایسوسی ایشن (اپٹما) فیصل آباد ریجن کے دورہ کے موقع پر خطاب

فیسکو کی اولین ترجیح صنعتی صارفین ہیں چونکہ صنعتیں ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں اور ملکی ترقی و روزگار فراہم کرنے کا سبب ہیں۔ صنعتوں کے لئے زیرو لوڈ مینجمنٹ ہے تاکہ صنعتی ترقی کا پہیہ رواں دواں ہو اور ملک ترقی کرے یہ باتیں چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر نے آل پاکستان ٹیکسٹائل پروسسنگ ملز ایسوسی ایشن (اپٹما) فیصل آباد ریجن کے دورہ کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ ایسوسی ایشن کے بجلی سے متعلقہ شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا رہا ہے تاکہ ٹیکسٹائل پروسسنگ سیکٹر کیلئے مسلسل بجلی کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت کی انتھک کوششوں کی وجہ سے مستقبل قریب میں عوامی کو بجلی بلوں میں ریلیف ملنا شروع ہو جائے گا۔ انھوں کہا کہ یہ بات خوش آئند ہے کہ ملک میں بجلی وافر مقدار میں موجود ہے اور عوام کو لوڈ شیڈنگ کی تکالیف سے تقریباً نجات حاصل ہو گئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ فیسکو ملک کی ممتاز ترین کمپنی ہے اور صارفین کو اچھی سروس کی فراہمی اور بہترین ریکوری کی بدولت تمام ڈسٹری بیوشن کمپنیوں میں پہلے



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر آل پاکستان ٹیکسٹائل پروسسنگ ملز ایسوسی ایشن کے دورہ کے موقع پر اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں اس موقع پر چیئرمین ایسوسی ایشن باؤ محمد اکرم، دیگر عہدیداران اور فیسکو افسران بھی موجود ہیں

نمبر پر ہے جو کہ فیسکو ملازمین کی انتھک محنت اور صارفین کے تعاون کا نتیجہ ہے۔ایک سوال کے جواب میں چیف ایگزیکٹو فیسکو نے بتایا کہ فیسکو (ایڈوانس میٹرنگ انفراسٹرکچر) اے ایم آئی میٹرز میں جدید ٹیکنالوجی (نیوور یژن) کا استعمال کیا جارہا ہے جس سے نہ صرف صحیح میٹر ریڈنگ ممکن ہوگی بلکہ اوور بلنگ کے خاتمہ کے ساتھ ساتھ میٹر میں خرابی کا بروقت پتہ چل سکے گا۔انھوں نے صنعتی صارفین کے ٹرانسفارمر کے ایکسٹینشن آف لوڈ کے مسائل پر بغیر ٹرانسفارمر تبدیلی مطلوبہ زیادہ سے زیادہ لوڈ کی گنجائش کرنے کی یقین دہانی کرائی۔قبل ازیں چیئر مین آل پاکستان ٹیکسٹائل پروسسنگ ملز ایسوسی ایشن (اپٹما) باؤ محمد اکرم نے اپٹما آفس پہنچنے پر انھیں خوش آمدید کہا۔اس موقع پر انھوں نے فیسکو کی مجموعی کارکردگی پر اظہار اطمینان کیا اور کہا کہ فیسکو پہلے ہی ٹیکسٹائل پروسسنگ سیکٹر کے بجلی سے متعلقہ مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کررہی ہے۔ اس موقع پر جنرل منیجر ٹیکنیکل فیسکو عامر محبوب الٰہی، فیسکو کمپنی سیکرٹری عابد رشید، ڈائریکٹر پی آر محمد سعید رضا، سابقہ چیئرمین اپٹما حافظ محمد اصغر قادری، صداقت علی، حبیب گجر، شہزاد مہدی اور دیگر ممبران بھی موجود تھے۔تقریب کے اختتام پر چیئرمین آل پاکستان ٹیکسٹائل پروسسنگ ملز ایسوسی ایشن باؤ محمد اکرم نے چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کو ایسوسی ایشن کی جانب سے یادگاری شیلڈ پیش کی۔




فیصل آباد: چیئرمین اپٹما اور دیگر عہدیداران چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجنیئر محمد عامر کو ایسوسی ایشن کے دورہ کے موقع پر یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

## چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجنیئر محمد عامر کی تمام ایس ایز آپریشن کو اینٹی تھیفٹ میٹریل کمپین پر سختی سے عمل درآمد کی ہدایت

### فیسکو کی قیمتی تنصیبات ٹرانسفارمر، کنڈکٹر اور دیگر میٹریل چوری کی روک تھام کیلئے عوام الناس کی آگاہی کیلئے خصوصی مہم چلانے کے احکامات

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجنیئر محمد عامر کی ہدایت پر فیلڈ میں نصب ٹرانسفارمر، کنڈکٹر اور دیگر میٹریل کی چوری کے واقعات کی روک تھام کیلئے فیسکو ریجن میں خصوصی مہم کا آغاز کیا گیا ہے۔انھوں نے فیسکو کے چھ آپریشن سرکلز کے ایس ایز آپریشن کو اینٹی تھیفٹ میٹریل کمپین پر سختی سے عمل درآمد کی ہدایت کی ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ فیسکو کی قیمتی تنصیبات جیسے ٹرانسفارمر، کنڈکٹر اور دیگر میٹریل چوری کی موثر طریقے سے روک تھام کیلئے عوام الناس کی آگاہی کیلئے خصوصی مہم چلائی جائے۔انھوں نے کہا کہ رات کے اوقات میں اچانک بجلی بندش کی صورت میں گرڈ سٹیشن سٹاف فوری طور پر متعلقہ سب ڈویژن کے ایس ڈی او کو مطلع کریں تاکہ فیلڈ سٹاف فوری طور پر پٹرولنگ کرکے میٹریل چوری کی واردات کو روکے اور متعلقہ فیڈر سے بجلی کی سپلائی کو جلد بحال کیا جاسکے۔انھوں نے تمام ایس ڈی اوز کو ٹرانسفارمر کی ویلڈنگ کو ہنگامی بنیادوں پر مکمل کرنے کی ہدایات بھی دیں اور کہا کہ سپرنٹنڈنگ انجنیئرز اس خصوصی مہم کے دوران تمام سرگرمیوں کی خود نگرانی کریں اور اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔فیسکو کا مقصد عوام کو بجلی کی بلاتعطل ترسیل کو یقینی بنانا ہے جس کیلئے تمام تر اقدامات بروئے کار لائے جائیں گے۔انہوں نے عوام الناس سے بھی اپیل کی ہے کہ فیسکو تنصیبات کے قریب اگر مشتبہ یا غیر متعلقہ افراد کی سرگرمی محسوس کریں یا انھیں کسی علاقے میں ٹرانسفارمر اتارنے والے افراد پر فیسکو سٹاف نہ ہونے کا شک ہو تو ایک ذمہ دار شہری ہونے کے ناطے اس کی فوری اطلاع مرکزی شکایات سنٹر کے نمبر 041-9220618، فیسکو کی ہیلپ لائن 118 یا متعلقہ سب ڈویژن کے شکایت سنٹر پر دیں۔

# مدت ملازمت مکمل کر کے باعزت ریٹائرمنٹ خدا کی طرف سے تحفہ ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

**سلامت علی ساجد بھرپور پیشہ وارانہ صلاحیتوں کے حامل ہونے کی وجہ سے فیسکو کا قیمتی اثاثہ تھے**

**دوران ملازمت انھیں جو بھی ڈیوٹی تفویض کی گئی انھوں نے احسن طریقے سے انجام دیا اور مطلوبہ ٹارگٹس کو بخوبی حاصل کیا**

**انہوں نے اپنی تمام مدت ملازمت انتہائی ایمانداری، محنت و لگن اور بغیر کسی دباؤ کے درست اور بروقت فیصلے کر کے گزاری**

**چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کا ڈپٹی ڈائریکٹر (ایچ آر) فیسکو سلامت علی ساجد کی الوداعی تقریب کے موقع پر خطاب**

ڈپٹی ڈائریکٹر (ایچ آر) فیسکو سلامت علی ساجد اپنی مدت ملازمت پوری کر کے ریٹائرڈ ہو گئے ان کے اعزاز میں فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں ایک پروقار الوداعی تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر نے ریٹائرڈ ہونے والے ڈپٹی ڈائریکٹر (ایچ آر) فیسکو سلامت علی ساجد کی فیسکو میں خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور ان کی شخصیت اور کام کے حوالے سے روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے کام میں انتہائی مہارت رکھتے تھے اور بھرپور پیشہ وارانہ صلاحیتوں کے حامل ہونے کی وجہ سے فیسکو کا قیمتی اثاثہ تھے۔ انھوں نے کہا کہ مدت ملازمت پوری کرنے کے بعد باعزت طریقے سے ریٹائرمنٹ خدا کی طرف سے ایک تحفے سے کم نہیں ہے۔ چیف ایگزیکٹو نے ریٹائرڈ



ڈپٹی ڈائریکٹر (ایچ آر) فیسکو سلامت علی ساجد کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر اور دیگر افسران انہیں فیسکو کی طرف سے یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

ہونے والے ڈپٹی ڈائریکٹر (ایچ آر) فیسکو سلامت علی ساجد کی پیشہ وارانہ زندگی کی تعریف کی اور کہا کہ دوران ملازمت انھیں جو بھی ڈیوٹی تفویض کی گئی انھوں نے احسن طریقے سے انجام دیا اور مطلوبہ ٹارگٹس کو بخوبی حاصل کیا۔ چیف ایگزیکٹو نے مزید کہا کہ انہوں نے اپنی تمام مدت ملازمت انتہائی ایمانداری، محنت و لگن اور بغیر کسی دباؤ کے درست اور بروقت فیصلے کر کے گزاری۔ اس موقع پر فیسکو افسران نے فیسکو سے ریٹائرڈ ہونیوالے ڈپٹی ڈائریکٹر (ایچ آر) سلامت علی ساجد کو باعزت طریقے سے مدت ملازمت پوری ہونے پر مبارکباد دی اور کہا کہ افسر ہو یا ماتحت باعزت ریٹائرمنٹ سب کیلئے ایک اعزاز کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوران ڈیوٹی سلامت علی ساجد نے خوش اخلاقی اور خوش خلقی کا دامن کبھی ہاتھ سے نہیں چھوڑا۔ انھوں نے ہمیشہ ملازمین اور صارفین کے ساتھ انتہائی نرم رویہ اپنائے رکھا اور ماحول کو ہمیشہ خوشگوار رکھتے ہوئے کام کو بہترین طریقے سے انجام دیا۔ تمام افسران نے ان کی آئندہ زندگی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور کہا کہ ان کے دلوں اور محکمہ کے دروازے ہمیشہ ان کیلئے کھلے ہیں۔ ریٹائرڈ ہونیوالے ڈپٹی ڈائریکٹر (ایچ آر) فیسکو سلامت علی نے اپنے اعزاز میں منعقد کی گئی تقریب پر تمام آفیسرز کا شکریہ ادا کیا اور اپنے خطاب میں کہا کہ گذشتہ تمام عرصہ میں انہیں سب کا تعاون حاصل رہا اور تمام کامیابیاں ٹیم ورک کا نتیجہ ہیں۔ اپنی تمام سروس کے دوران ہمیشہ ملازمین اور صارفین کی بھلائی کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے۔ تقریب کے اختتام پر چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر اور دیگر افسران نے فیسکو سے ریٹائرڈ ہونے والے ڈپٹی ڈائریکٹر (ایچ آر) سلامت علی ساجد کو فیسکو کی طرف سے یادگاری شیلڈ، تحائف اور واجبات کا چیک دیا۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر کی خصوصی ہدایات پر

## جی ایم آپریشن فیسکو عمر حیات گوندل کا ڈی سی سی میں رمضان المبارک کے حوالے سے قائم خصوصی مانیٹرنگ سیل کا دورہ

# صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کیلئے فیسکو کے ڈسٹری بیوشن سسٹم کو اپ گریڈ کر دیا گیا ہے

جنرل منیجر آپریشن
عمر حیات گوندل

**ریجن بھر میں فیڈرز کی ایریا پلاننگ اور ٹرانسفارمرز کی مرمت کے ساتھ ساتھ بوسیدہ تاروں کو بھی تبدیل کیا گیا ہے**

**سحر، افطار اور تراویح کے اوقات میں ٹرانسفارمر جلنے کی صورت میں فوری طور پر ٹرالی ٹرانسفارمر نصب کر کے بجلی بحال کی جائے گی**

چیف ایگزیکٹو آفیسر انجنیئر محمد عامر کی ہدایت پر جنرل منیجر آپریشن فیسکو عمر حیات گوندل نے فیسکو ڈسٹری بیوشن کنٹرول سنٹر میں رمضان المبارک کے حوالے سے قائم خصوصی مانیٹرنگ سیل کا دورہ کیا۔اس موقع پر ڈی جی ایچ آر غلام مجتبیٰ خان، ایڈیشنل ڈائریکٹر کنٹرول سنٹر ثاقب گیلانی، ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشن غلام نبی میمن اور ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز محمد سعید رضا بھی ان کے ہمراہ تھے۔اس موقع پر انھوں نے کہا کہ رمضان المبارک میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کیلئے فیسکو کے ڈسٹری بیوشن سسٹم کو اپ گریڈ کر دیا گیا ہے۔ ریجن بھر میں درجنوں فیڈرز کی ایریا پلاننگ اور ہزاروں ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز کی مرمت کے ساتھ ساتھ بوسیدہ تاروں کی تبدیلی کے منصوبے مکمل کیئے گئے تا کہ صارفین بجلی کو رمضان المبارک میں زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جا سکے۔انھوں نے مزید کہا کہ بجلی کی تسلسل کے ساتھ فراہمی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اگر ریجن کے کسی بھی علاقہ میں بجلی کی غیر معمولی بندش ہوئی تو متعلقہ افسران ذمہ دار ہوں گے اور ان کے خلاف فوری محکمانہ ایکشن لیا جائے گا۔عمر حیات گوندل نے مزید کہا کہ تمام سب ڈویژنل دفاتر میں ٹرانسفارمر ٹرالیاں موجود ہیں۔سحر، افطار اور تراویح کے اوقات میں ٹرانسفارمر جلنے کی صورت میں فوری طور پر ٹرالی ٹرانسفارمر نصب کر کے بجلی بحال کی جائے گی تا کہ صارفین کو دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے اور فوری طور پر بجلی کی بحالی ممکن ہو سکے۔سب ڈویژنل شکایات سنٹر اور گرڈ سٹیشنوں میں سٹاف کی ڈیوٹیاں لگائی گئی ہیں تا کہ کسی بھی فیڈر پر بریک ڈاؤن آنے کی صورت میں کم سے کم وقت میں بجلی کی بحالی ممکن بنائی جا سکے۔انھوں نے کہا کہ بجلی بندش کی صورت میں فرسٹ سرکل کے صارفین اپنی شکایات کا اندراج فون نمبر 041-9200641,0370-1813109 پر، سیکنڈ سرکل کے صارفین فون نمبر 041-9330063,0345-1502298 پر، جھنگ سرکل کے صارفین فون نمبر 047-9200220,0370-1813307 پر، سرگودھا سرکل کے صارفین فون نمبر 048-9232378,0345-1500939 پر، میانوالی سرکل کے صارفین فون نمبر 0459-920033,0370-1813506 پر اور ٹوبہ ٹیک سنگھ سرکل کے صارفین 046-9201119,0370-1813609 پر کرا سکتے ہیں۔مزید برآں صارفین اپنی شکایات کا اندراج فیسکو سمارٹ ایپ، ہیلپ لائن نمبر 118، ٹال فری نمبر 0800-66554، ایس ایم ایس سروس 8118 کے ذریعے بھی کروا سکتے ہیں جس پر فوری ایکشن لیا جائے گا۔





جی ایم آپریشن فیسکو عمر حیات گوندل، ڈی جی ایچ آر غلام مجتبیٰ خان اور دیگر افسران ڈی سی سی رمضان المبارک کے حوالے سے قائم خصوصی مانیٹرنگ سیل کا دورہ کر رہے ہیں

# فیسکو گھنٹہ گھر کے آٹھوں بازاروں میں بجلی کے جدید نظام کی تنصیب کیلئے کوشاں ہے

چیف انجینئر آپریشن
انجینئر محمد سعید

**گھنٹہ گھر چوک کے آٹھ بازاروں میں بے ہنگم اور لٹکتی تاروں کے خاتمے کیلئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جارہا ہے**

**فیسکو اپنے فنڈز سے آٹھ بازاروں میں لٹکتی تاروں کی کومبنگ ، خستہ حال تاروں کی تبدیلی و دیگر مرمتی کام کر رہی ہے**

**چیف انجینئر آپریشن فیسکو محمد سعید کا گھنٹہ گھر کے آٹھوں بازاروں میں تاروں کی تبدیلی و مینٹی نینس کے دیگر کاموں کا جائزہ لینے کیلئے دورہ**

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) گھنٹہ گھر چوک کے آٹھ بازاروں میں بے ہنگم اور لٹکتی تاروں کے خاتمے کیلئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لا رہی ہے تا کہ عوام الناس کے جان و مال کی حفاظت کو یقینی بنایا جا سکے۔ یہ باتیں چیف انجینئر آپریشن فیسکو محمد سعید چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو محمد عامر کی ہدایت پر گھنٹہ گھر کے آٹھوں بازاروں میں بجلی کی لٹکتی تاروں کو ہٹانے اور ٹرانسفارمرز کی مینٹی نینس کے کام کا جائزہ لیتے ہوئے کہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ فیسکو گھنٹہ گھر کے آٹھوں بازاروں میں بجلی کے جدید نظام کی تنصیب کیلئے کوشاں ہے جس کیلئے ڈپٹی کمشنر فیصل آباد سے فنڈز طلب کر لئے گئے ہیں تا کہ گھنٹہ گھر کے تمام بازاروں میں بجلی کی انڈر گراؤنڈ فراہمی ممکن ہو سکے۔ مزید برآں چیف ایگزیکٹو فیسکو کا انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر فیسکو اپنے فنڈز سے آٹھ بازاروں میں لٹکتی تاروں کی کومبنگ ، خستہ حال تاروں کی تبدیلی ، ٹرانسفارمرڈی فٹنگ سیٹ اور جمپرز کی تبدیلی وغیرہ کر رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ گھنٹہ گھر کی مختلف مارکیٹوں اور گول بازاروں میں لٹکتی ہوئی اور بے ہنگم تاروں کو درست کرنے کیلئے فیسکو سٹی اور سول لائنز سب ڈویژن آٹھ ٹیمیں تیزی سے کام کر رہی ہیں جس سے نہ صرف صارفین بجلی کو بلاتعطل فراہمی ہوگی بلکہ ان بازاروں اور مارکیٹوں کی خوبصورتی میں بھی اضافہ اور شارٹ سرکٹ سے آگ لگنے جیسے مسائل کے خاتمے میں بھی مدد ملے گی۔ چیف انجینئر آپریشن نے فیسکو سٹاف کو ہدایت کی کہ وہ تمام بازاروں میں جاری کاروباری سرگرمیوں اور ان کی خوبصورتی کو مدنظر رکھتے ہوئے تاروں کی تبدیل، درستگی اور مرمت کے کام کو جلد از جلد مکمل کریں۔ اس موقع پر انھوں نے بتایا کہ فیسکو نے مختلف بازاروں میں انڈر گراؤنڈ الیکٹریفیکشن کیلئے ڈپٹی کمشنر کو فنڈز کی فراہمی کیلئے کہا ہے تا کہ اس پراجیکٹ کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جا سکے اور گھنٹہ گھر کے آٹھوں بازاروں کی خوبصورتی کو اس کی اصلی صورت میں بحال کیا جا سکے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر پی آر محمد سعید رضا، ایڈیشنل ڈائریکٹر آپریشن غلام نبی میمن، ایکسیئن سول لائنز وقاص رشید، ایس ڈی او سول لائنز شاہسوار، ایس ڈی او سٹی میڈیم صبا سواتی بھی موجود تھے۔




چیف انجینئر آپریشن فیسکو محمد سعید دیگر افسران کے ہمراہ گھنٹہ گھر کے مختلف بازاروں بجلی کی لٹکتی تاروں کو ہٹانے اور ٹرانسفارمرز کی مینٹی نینس کے کام کا جائزہ لے رہے ہیں

ڈائریکٹر جنرل ایچ آر
فرخ آفتاب

# ای پیڈز ٹریننگ کا مقصد عوامی خریداری کے عمل کو شفاف اور مؤثر بنانا ہے

**اس جدید سسٹم کے فیسکو میں نافذ ہونے سے شعبہ پروکیورمنٹ اور ٹینڈرنگ کے کام میں مزید نکھار آئے گا**

**اس طریقہ کار کے ذریعے ٹینڈرز کی جانچ سے انسانی غلطیوں کے امکانات نہایت کم جبکہ شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے گا**

**ریجنل ٹریننگ سنٹر فیسکو میں ای پاک ایکوزیشن اینڈ ڈسپوزل سسٹم کے موضوع پر منعقدہ ٹریننگ کی اختتامی تقریب سے ڈائریکٹر جنرل ایچ آر فیسکو فرخ آفتاب کا خطاب**

وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی ہدایت پر چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو محمد عامر کی زیر نگرانی ریجنل ٹریننگ سنٹر فیسکو میں ای پاک ایکوزیشن اینڈ ڈسپوزل سسٹم (E-PADS) کے موضوع پر تین روزہ ٹریننگ کا انعقاد کیا گیا۔ جس کا مقصد پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (PPRA) کی گائیڈ لائنز کو سرکاری اداروں میں مزید موثر طریقے سے نافذ کرنا اور ٹینڈرنگ کے عمل کو شفاف بنانا تھا۔ فیسکو کے مختلف شعبہ جات کے پروکیورمنٹ اور ٹینڈرنگ سے متعلقہ تقریباً 40 افسران و ملازمین نے اس ٹریننگ میں حصہ لیا۔ افسران کی ٹریننگ کا مقصد جدید ٹیکنالوجی کو بہتر انداز میں سمجھنا اور اس کو دفتری کام میں بروئے کار لانا تھا۔ ٹریننگ کی اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل ایچ آر فرخ آفتاب نے PPRA اتھارٹی کی طرف سے منعقدہ ٹریننگ کو سراہا اور کہا کہ مذکورہ ٹریننگ کا مقصد عوامی خریداری کے عمل کو شفاف اور مؤثر بنانا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اس سسٹم سے سرکاری ادارے اپنی خریداری کی سرگرمیوں کی منظم طریقے سے منصوبہ بندی کر سکیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس جدید سسٹم کے فیسکو میں نافذ ہونے سے فیسکو کے شعبہ پروکیورمنٹ اور ٹینڈرنگ کے کام میں مزید نکھار آئے گا۔ ڈی جی ایچ آر فرخ آفتاب نے ٹریننگ کے کامیابی سے انعقاد پر ڈائریکٹر او ڈی محمود احمد اور ایکسیئن ٹریننگ سنٹر سجاد حیدر اعوان کی کاوشوں کو سراہا۔ پیپرا اتھارٹی کی طرف رضوان محمود ڈائریکٹر PPRA اور صغیر احمد ڈپٹی ڈائریکٹر نے شرکاء کو ٹریننگ دیتے ہوئے بتایا کہ ای پاک ایکوزیشن اینڈ ڈسپوزل سسٹم (E-PADS) کے ذریعے سپلائرز اپنے ٹینڈر محفوظ طریقے سے جمع کرا سکیں گے جس سے شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے گا جبکہ اس طریقہ کار کے ذریعے ٹینڈرز کی جانچ سے انسانی غلطیوں کے امکانات نہایت کم ہو جائیں گے۔ ٹریننگ کی اختتامی تقریب میں ڈی جی ایچ آر فیسکو فرخ آفتاب نے پی پی آر اے کے ٹریننگ انسٹرکٹرز، فیسکو کے شرکاء ڈائریکٹر او ڈی فیسکو محمود احمد، ڈائریکٹر ایڈمن میجر مظفر قادر ملک، ایس ای سول ورکس شکیل حیدر لک، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹرانسپورٹ علی وقار وڑائچ، ڈپٹی ڈائریکٹر ایم ایم فرحان علی خان، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈسپوزل عثمان غنی، ایکسیئن سول اکرام عبداللہ، ڈپٹی ڈائریکٹر پروکیورمنٹ طیب ستار، ڈائریکٹر ایم آئی ایس فیصل شہزاد، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل محمد رفیق، ٹیکنیکل آفیسر فرسٹ سرکل اسد علی شاہ، ٹیکنیکل آفیسر سیکنڈ سرکل حماد غفار، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹی ایس انعام اللہ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ڈیزائن کنزہ علی، ڈپٹی ڈائریکٹر فنانس محمد عرفان، ایکسیئن جی ایس سی عبدالرحمان اور دیگر افسران و ملازمین کو سرٹیفکیٹ دیئے۔



ڈائریکٹر جنرل ایچ آر فیسکو فرخ آفتاب ای پاک ایکوزیشن اینڈ ڈسپوزل سسٹم کی تین روزہ ٹریننگ مکمل کرنے والے شرکاء میں سرٹیفکیٹس تقسیم کر رہے ہیں

# فیسکو اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کے تعاون سے "متوازن غذا اور صحت مند طرز زندگی" کے موضوع پر فیسکو ہیڈکوارٹرز میں سیمینار اور سکریننگ کیمپ کا انعقاد

**صحت مند غذا کے استعمال، فوڈ پوائزننگ، ناقص غذا سے ہونے والی بیماریوں اور ان سے بچاؤ کے بارے میں آگاہی فراہم کی گئی**

**صحت کے مسائل پر مبنی سیمینار اور سکریننگ کیمپ کا انعقاد نہایت ہی خوش آئند ہے ڈی جی ایڈمن غلام مجتبیٰ خان**

**پی ایف اے کی طرف سے اس منظّم اور بہترین ہیلتھ اینڈ ڈائیٹ نیوٹریشن پروگرام سے فیسکو ملازمین بھرپور استفادہ حاصل کریں گے**

**فیسکو اور پی ایف اے کے تعاون سے منعقدہ فوڈ سیفٹی سیمینار سے ڈی جی ایڈمن غلام مجتبیٰ خان، ایس ای ندیم اکبر کاہلوں اور دیگر کا خطاب**

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کے تعاون سے "متوازن غذا اور صحت مند طرز زندگی" کے موضوع پر فیسکو ہیڈکوارٹرز میں سیمینار اور سکریننگ کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں فیسکو افسران و ملازمین کو بیماریوں سے بچاؤ کیلئے صحت مند غذا کے استعمال، فوڈ پوائزننگ، ناقص اور آلودہ خوراک کی وجہ سے ہونے والی بیماریوں اور ان سے بچاؤ کے بارے میں آگاہی فراہم کی گئی جبکہ فوڈ اتھارٹی کی ٹیم نے ملازمین کی سکریننگ کی۔ سیمینار میں ڈی جی ایڈمن غلام مجتبیٰ خان، ڈی جی آئی ٹی امداداللہ، ایس ای ٹیکنیکل سروسز ندیم اکبر کاہلوں، ڈائریکٹر ایڈمن میجر مظفر قادر ملک، کمپنی سیکرٹری عابد رشید، ڈائریکٹر میراڈ اقبال خان نیازی، ڈائریکٹر (کسٹمر سروسز) سید صفدر عباس، ڈائریکٹر (پبلک ریلیشنز) محمد سعید رضا اور دیگر افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈی جی ایڈمن فیسکو غلام مجتبیٰ خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی طرف سے صحت کے مسائل پر مبنی سیمینار اور سکریننگ کیمپ کا انعقاد نہایت ہی خوش آئند ہے جس کے مثبت نتائج سامنے آئیں گے۔ انہوں نے فیسکو انتظامیہ اور چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی طرف سے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ بلاشبہ اس منظّم اور بہترین ہیلتھ اینڈ ڈائیٹ نیوٹریشن پروگرام سے فیسکو ملازمین بھرپور استفادہ حاصل کریں گے۔ انھوں نے مزید کہا کہ متوازن غذا اور نیوٹریشن کے حوالے سے آگاہی نہ صرف صحت مند طرزِ زندگی کے لیے ضروری ہے بلکہ یہ ملازمین کی کارکردگی کو بھی بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ انہوں نے مستقبل میں بھی فیسکو کے مختلف شعبوں میں ایسی مفید اور صحت مندانہ سرگرمیوں کے انعقاد پر زور دیا۔ ایس ای ندیم اکبر کاہلوں نے اپنے خطاب میں شہریوں کی صحت کو درپیش مسائل، روزمرہ کی



ایس ای ایم اینڈ ٹی فیسکو ندیم اکبر کاہلوں، ڈائریکٹر پی آر محمد سعید رضا اور نیوٹریشنسٹ طیبہ لیاقت فیسکو ہیڈکوارٹرز میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں




ڈی جی ایڈمن غلام مجتبیٰ خان اور ڈائریکٹر ایڈمن میجر مظفر قادر ملک، پنجاب فوڈ اتھارٹی کے ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشن محمد عمار جاوید اور ٹیم ممبران کو تعریفی سرٹیفکیٹس دے رہے ہیں



خوراک میں استعمال ہونے والی زہریلی اشیاء اور ان کے نقصانات کو تفصیلی بیان کیا۔ بعدازاں ڈپٹی ڈائریکٹر (آپریشن) پنجاب فوڈ اتھارٹی محمد عمار جاوید نے اتھارٹی کے قیام، اس کے مقاصد، روزانہ کی بنیاد پر ہونے والی چیکنگ اور شہریوں کی صحت پر اس کے مثبت نتائج کے بارے میں حاضرین کو آگاہ کیا۔ سیمینار کے اختتام پر ڈی جی ایڈمن غلام مجتبیٰ خان اور ڈائریکٹر ایڈمن میجر مظفر قادر ملک نے فیسکو کی طرف سے پنجاب فوڈ اتھارٹی کے ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشن محمد عمار جاوید، نیوٹریشنسٹ طیبہ لیاقت، انعم زاہد اور حمزہ سعید کو تعریفی سرٹیفکیٹس دیئے۔ سیمینار میں فیسکو کے مختلف شعبوں سے افسران و ملازمین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

## سپرنٹنڈنگ انجنئیر عصمت اللہ کا اعزاز



فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کے سپرنٹنڈنگ انجنیئر (جی ایس او) عصمت اللہ نے واپڈا انجنیئرنگ اکیڈمی فیصل آباد میں منعقدہ 27 ویں ٹیکنیکل ریفریشر کورس میں پہلی پوزیشن حاصل کر لی۔ کورس میں مختلف ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کے سپرنٹنڈنگ انجنیئرز، ریذیڈنٹ انجنیئرز اور ڈائریکٹرز نے شرکت کی۔ فیسکو کی جانب سے انجنیئر عصمت اللہ اور انجنیئر فیصل شفیع رانا نے کورس میں شرکت کی۔ پرنسپل واپڈا انجنیئرنگ اکیڈمی شہزاد غفور اور کورس ڈائریکٹر محبوب فرید نے انجنیئر عصمت اللہ کو کورس میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے اور پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر مبارکباد دی۔ فیسکو کے مختلف حلقوں نے انجنیئر عصمت اللہ کو کورس میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر خوشی کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی ہے کہ وہ مستقبل میں بھی نمایاں کامیابیاں حاصل کریں گے۔

پرنسپل واپڈا انجنیئرنگ اکیڈمی شہزاد غفور اور کورس ڈائریکٹر محبوب فرید ٹیکنیکل ریفریشر کورس میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے ایس ای (جی ایس او) فیسکو عصمت اللہ کو شیلڈ دے رہے ہیں

## شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) رورل سب ڈویژن فیسکو تاندلیانوالا کے لائن سپرنٹنڈنٹ سیکنڈ عثمان شاہ ولد محمد علی شاہ آپ مورخہ 19-11-2023 سے مسلسل دانستہ طور پر تا حال اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔ آپ کو وضاحتی نوٹس نمبر 1842-C/96 بتاریخ 02-04-2024 جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا کوئی جواب نہ دیا۔ آپ کو مورخہ 13-08-2024 کو ذاتی شنوائی کیلئے بلایا گیا لیکن آپ پھر بھی حاضر نہ ہوئے۔ بعدازاں آپ کو شوکاز نوٹس نمبر 1842-C/222 بتاریخ 15-08-2024 جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا بھی کوئی جواب نہ دیا اور نہ ہی اپنی ڈیوٹی پر حاضر ہوئے۔ لہٰذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت / وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت آپ کے خلاف کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے۔ آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یکطرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: سپرنٹنڈنگ انجینئر (آپریشن) سیکنڈ سرکل فیسکو فیصل آباد

## شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) سٹی سب ڈویژن فیسکو فیصل آباد کے لائن مین ون (ایکٹو پلیئر) محمد سعید انور آپ مورخہ 01-05-2024 سے مسلسل دانستہ طور پر تا حال اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔ آپ کو وضاحتی نوٹس نمبر 6006-09 بتاریخ 27-11-2024 جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا کوئی جواب نہ دیا۔ آپ کو مورخہ 12-12-2024 اور 02-01-2025 کو ذاتی شنوائی کیلئے بلایا گیا لیکن آپ حاضر نہ ہوئے۔ بعدازاں آپ کو شوکاز نوٹس نمبر 46-45 بتاریخ 02-01-2025 جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا بھی کوئی جواب نہ دیا اور نہ ہی اپنی ڈیوٹی پر حاضر ہوئے۔ اس کے بعد مورخہ 15-01-2025 کو دوبارہ آپ کو ذاتی شنوائی کا موقع دیا گیا لیکن آپ پھر بھی حاضر نہ ہوئے۔ لہٰذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت / وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت آپ کے خلاف کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے۔ آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یکطرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: ایگزیکٹو انجینئر (آپریشن) سول لائنز ڈویژن فیسکو فیصل آباد

## شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) نیو سیٹلائٹ ٹاؤن سب ڈویژن سرگودھا کے اسسٹنٹ لائن مین محمد ذیشان خان ولد محمد رمضان آپ مورخہ 10-06-2024 سے مسلسل دانستہ طور پر تا حال اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔ آپ کو وضاحتی نوٹس نمبر 131 بتاریخ 26-07-2024 جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا کوئی جواب نہ دیا۔ لہٰذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت / وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت آپ کے خلاف کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے۔ آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یکطرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: ایگزیکٹو انجینئر (آپریشن) فیسکو سیکنڈ ڈویژن سرگودھا

## شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) سرگودھا روڈ سب ڈویژن فیسکو فیصل آباد کے لائن مین سیکنڈ (ایکٹو پلائیر) محمد حسین آپ مورخہ 01-09-2023 سے مسلسل دانستہ طور پر تا حال اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔ آپ کو وضاحتی نوٹس نمبر 49 بتاریخ 02-01-2025 جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا کوئی جواب نہ دیا۔ آپ کو مورخہ 15-01-2025 کو ذاتی شنوائی کیلئے بلایا گیا لیکن آپ حاضر نہ ہوئے۔ بعد ازاں آپ کو شوکاز نوٹس نمبر 453 بتاریخ 16-01-2025 جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا بھی کوئی جواب نہ دیا اور نہ ہی اپنی ڈیوٹی پر حاضر ہوئے۔ اس کے بعد مورخہ 14-02-2025 کو دوبارہ آپ کو ذاتی شنوائی کا موقع دیا گیا لیکن آپ پھر بھی حاضر نہ ہوئے۔ لہٰذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت /وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت آپ کے خلاف کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے۔ آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یک طرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: ایگزیکٹو انجینئر (آپریشن) سول لائنز ڈویژن فیسکو فیصل آباد

## شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) سیٹلائٹ ٹاؤن سب ڈویژن سرگودھا کے اسسٹنٹ لائن مین نعمان بشیر ولد بشیر علی کیانی آپ مورخہ 17-06-2024 سے مسلسل دانستہ طور پر تا حال اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔ آپ کو وضاحتی نوٹس نمبر 56-3454 بتاریخ 20-09-2024 جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا کوئی جواب نہ دیا۔ قبل ازیں بھی محکمانہ فرائض کی غیر ذمہ دارانہ ادائیگی پر آپ کو متعدد بار مختلف لیٹرز کے ذریعے وارننگ دی گئی ہے لیکن آپ نے کبھی کسی لیٹر کا جواب نہیں دیا۔ لہٰذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت /وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت آپ کے خلاف کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے۔ آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یک طرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: سب ڈویژنل آفیسر (آپریشن) فیسکو سیٹلائٹ سب ڈویژن سرگودھا



## غلام مصطفیٰ ایل ڈی سی کا اعزاز

فیسکو عبداللہ پور ڈویژن کے ایل ڈی سی غلام مصطفیٰ نے محکمانہ پروموشن ٹریننگ میں تیسری پوزیشن حاصل کر لی۔ ریجنل ٹریننگ سنٹر فیسکو میں منعقدہ اس ٹریننگ میں فیسکو ریجن سے کل 33 ایل ڈی سی حضرات نے شرکت کی۔ غلام مصطفیٰ کی اس کامیابی پر ان کے ساتھیوں اور افسران نے انہیں مبارکباد دی ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ وہ آئندہ بھی اسی طرح کامیابیاں سمیٹیں گے۔

## قارئین فیسکو نیوز کی خصوصی توجہ کیلئے

تمام فیسکو افسران اور ملازمین کے لئے ''فیسکو نیوز'' کے صفحات حاضر ہیں، وہ اپنی تجاویز، آراء، مضامین اور اپنے اپنے شعبوں میں ہونے والی مختلف سرگرمیوں پر مبنی تحریریں، تصاویر ہمیں بھجوا سکتے ہیں، انہیں شکریہ کے ساتھ شامل اشاعت کیا جائے گا، اپنی تحریریں ہر ماہ کی 25 تاریخ تک ہمیں درج ذیل پتہ پر بذریعہ ڈاک، ای میل اور واٹس ایپ کے ذریعے بھجوائیں

Whatsapp: 0345-1500680, Email: fescopublicrelations@gmail.com

ڈائریکٹر (پبلک ریلیشنز) فیسکو ہیڈ کوارٹرز، کینال روڈ فیصل آباد

FESCO




# فیسکو کا عزم روشن رہے ہر نگر

فیسکو رمضان المبارک کے پورے ماہ بالخصوص سحر و افطار اور تراویح کے اوقات میں تمام گھریلو صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہے

## صارفین بجلی بندش/خرابی کی صورت میں

فیسکو ہیڈکوارٹرز کے مرکزی کنٹرول روم، فیسکو سمارٹ ایپ، ہیلپ لائن، میسج سروس اور آپریشن سرکلز کے شکایات سنٹرز پر رابطہ کر کے اپنی شکایات کا اندراج کروائیں جس پر فوری ایکشن لیا جائے گا

ٹول فری نمبر
**0800 66554**

فیسکو ہیڈکوارٹرز مرکزی مانیٹرنگ سیل
**041-9220618**

ہیلپ لائن **118**
میسج سروس **8118**

| فرسٹ سرکل | سیکنڈ سرکل | جھنگ سرکل | سرگودھا سرکل | میانوالی سرکل | ٹوبہ سرکل |
|---|---|---|---|---|---|
| 041-9200641 | 041-9330063 | 047-9200220 | 048-9232378 | 0459-920033 | 046-9201119 |
| 0370-1813109 | 0345-1502298 | 0370-1813307 | 0345-1500939 | 0370-1813506 | 0370-1813609 |

https://www.facebook.com/fesco.com.pk
https://www.instagram.com/fesco_official13/
https://www.linkedin.com/company/fesco-official

FESCO SMART

**شعبہ تعلقات عامہ**

**فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو)**